114424-ماہ رجب میں چاندی کی انگوٹھی پہننا

سوال

ہمارے خاندان میں سب بہن بھائیوں کو چاندی کی انگوٹھیاں دی گئی ہیں انگوٹھی کی اندروالی طرف عربی کے نمبر درج ہیں اوریہ خاص کرصرف ماہ رجب میں تیارہوئی ہیں میں معلوم کرنا چاہتاہوں کہ آیااس طرح کی انگوٹھیوں کااسلام سے کوئی تعلق ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

جس طرح عورت کے لیے انگوٹھی مستحب اسی طرح مرد کے لیے چاندی کی انگوٹھی مستحب ہے .

انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ :

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خط لکھا یالکھنا چاہا توآپ سے عرض کیا گیا : وہ صرف اسی خط کوپڑھتے ہیں جس پر مہر ثبت کی گئی ہو، چنانچہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی جس میں محمد رسول اللہ نقش کیا گیا تھا، گویا کہ میں آپ کے ہاتھ اس کی سفیدی دیکھ رہاہوں "

صحیح بخاری حدیث نمبر (65) صحیح مسلم حدیث نمبر (2092).

امام نووی رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"خطابی کہتے ہیں : شادی شدہ وغیرہ عورت کے لیے چاندی کی انگوٹھی پہننا مباح ہے جس طرح اس کے لیے سونے کی انگوٹھی جائز ہے، اس میں کوئی اختلاف نہیں، اور نہ ہی کوئی کراہت ہے، اور بغیر کسی اختلاف کے عورت کے لیے چاندی کی انگوٹھی مکروہ ہے کیونکہ یہ مردوں کا شعار ہے.

وہ کہتے ہیں : اگروہ سونے کی انگوٹھی نہ پائے تواسے زعفران وغیرہ سے زرد کرلے، ان کا یہ قول باطل ہے، اور صحیح یہی ہے کہ اس میں کوئی کراہت نہیں.

پھر کہتے ہیں : مرد کے لیے چاندی کی انگوٹھی پہننا جائز ہے چاہے وہ کوئی ذمہ دار اور حکمران ہو یا کوئی دوسرا اس پر اتفاق ہے، اورشام کے علماء سے جوکراہت منقول ہے کہ حکمران کے علاوہ پہننا مکروہ ہے، ان کا یہ قول نصوص اوراجماع سلف کی بنا پر شاذ اور مردود ہے، اس میں عبدری وغیرہ نے اجماع نقل کیا ہے" انتہی

دیکھیں : المجموع للنووی (340/4).

اسی طرح انگوٹھی پر لکھنا اور نقش کرانا بھی مباح ہے، لیکن اسے ماہ رجب کے ساتھ خاص کرنا کی کوئی دلیل نہیں، جو کوئی بھی ماہ رجب میں اس اعتقاد کے ساتھ انگوٹھی پہنتا ہے کہ اس میں اللہ کا قرب ہے، یا پھر وہ اس ماہ میں انگوٹھی پہننے کی فضیلت سمجھتا ہے تو اس نے بدعت اور برا کام کیا.

انگوٹھی پر ایسی اشیاء لکھانے سے پرہیز کرنا چاہیے جس سے یہ گمان ہو کہ یہ کوئی فائدہ دیتا ہے، یا پھر نظر بد اور جن وغیرہ سے بچاتی ہے.

حاصل یہ ہوا کہ اصل میں انگوٹھی پہننے اور اس پر نقش کرانے میں کوئی حرج نہیں، لیکن اس میں ممانعت یہ ہے کہ اس سے اللہ کا قرب حاصل کرنا یا اسے کسی معین وقت میں پہننا یا اس سے تبرک حاصل کرنا یا اسے تعویذ بنانا ممنوع ہے۔

واللہ اعلم.